© rasailojaraid.com

سکے بعد چوکڑی بھول جائے گا —— فالحمد للہ علیٰ ذالک!

---

ہمارا ماضی تابناک ہے —— ہمارے اسلاف ملتِ اسلامیہ کے درخشندہ ستارے ہیں، اور مستقبل کے متعلق بھی ہم پر امید ہیں —— لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اس تلخ حقیقت سے بھی ہمیں انکار نہیں کہ ہمارے حال پر گرد کی تہیں جم چکی ہیں۔ اور آج ہمیں اسی بارے میں اپنوں سے کچھ کہنا ہے —— کیا یہ حقیقت نہیں کہ آج من حیث الجماعت ہم میں نظم اور ڈسپلن مفقود ہے! —— ہمارے عوام میں نہیں، خواص میں انتشار و افتراق ہے، غیبتیں ہیں، چغلیاں ہیں، بدگمانیاں ہیں، جھگڑے ہیں، سازشیں ہیں، عدم تعاون ہے، ایک دوسرے کا احترام نہیں —— عوام کو مرکز پر اعتماد نہیں، مرکز کا عوام سے رابطہ نہ ہونے کے برابر ہے —— مرکز کے پاس کوئی ٹھوس پروگرام نہیں۔ کوئی واضح لائحہ عمل نہیں! —— چنانچہ یہ بات جہاں حاملینِ مسلک کو دوسری سیاسی جماعتوں کے ساتھ الحاق اور انہیں اپنی ہمدردیاں، تعاون اور خدمات سونپ دینے کا باعث بن رہی ہے، وہاں اپنی جماعت سے انہیں بدظن کر رہی ہے —— مرکز سے ان کا تعلق یکسر منقطع ہو چکا ہے اور انہوں نے جماعتی معاملات میں دلچسپی لینا ترک کر دی ہے!

---

۱۲، ۱۳، ۱۴ اپریل کو لاہور میں کل پاکستان اہلحدیث کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ ہم اس موقع پر جہاں جملہ حاملینِ مسلک سے یہ درخواست کریں گے کہ وہ تمام رنجشوں اور اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اسے کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے اپنی مساعی کو تیز تر کر دیں تاکہ یہ اپنی مثال آپ ہو، وہاں یہ کہنا بھی ضروری خیال کرتے ہیں کہ اس کانفرنس کے دیگر تمام مقاصد کی فہرست میں اس ایک مقصد کو بھی شامل کر لیں —— بلکہ اسے سرِ فہرست رکھیں —— کہ اس موقع پر کوئی ایسا ضابطہ تشکیل دیا جائے، کوئی ایسا فیصلہ کر لیا جائے، جس کی بنا پر ان تمام مفاسد کا قلع قمع ہو سکے جن کی اوپر ہم نے نشان دہی کی ہے یا جو ہماری نظروں سے مخفی ہیں اور اہلِ نظر ان سے بخوبی آگاہ ہیں —— کتاب و سنت میں جن کی صرف وعید ہی نہیں آئی بلکہ ان میں سے ہر ایک اس حد تک مہلک اور تباہ کن ہے کہ اس کے باعث دنیا کی کسی بھی قوم کی فلاح و بقا خطرے میں پڑ سکتی ہے —— یقین کیجئے، اگر آپ نے ان مفاسد سے نجات کا کوئی ذریعہ تلاش کر لیا تو دیگر تمام مقاصد میں خدانخواستہ ناکامی کے باوجود بھی آپ وہ کچھ حاصل کر سکیں گے کہ جس کے ثمراتِ شیریں کا اندازہ آپ کو ان شاء اللہ آئندہ کانفرنس کی مدت تک ہی ہو جائیگا —— مسلک اہلحدیث کی تاریخ پر، جو اس پروگرام کے باعث

© rasailojaraid.com